سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ

انتخاب برائے ڈائریکٹرز وخصوصی امور

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (4)159 کے تحت نوٹس اور خصوصی امور کے لئے

ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا طریقہ کار

ہمارا ماقبل نوٹس بابت غیر معمولی اجلاس عام (اجلاس) مؤرخہ 12 اکتوبر 2023 برائے حصص داران سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ (کمپنی) جو کہ بروز جمعرات مؤرخہ 2 نومبر 2023 بوقت صبح 11:30 بجے بمقام تیسری منزل، پاکستان اسٹاک ایکسچینج آڈیٹوریم، پاکستان اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ (ایڈمنسٹریشن بلاک)، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی میں منعقد کیا جانا ہے کے تسلسل میں نوٹس ہذا شائع کیا جا رہا ہے کہ مذکورہ اجلاس میں امور عمومی وخصوصی کے لئے اور اس کے سلسلے میں ویڈیو لنک کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی جیسا کہ نوٹس میں مذکور ہے۔

اس ضمن میں بذریعہ ہذا ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ کے حصص داران کے آئندہ غیر معمولی اجلاس عام کے موقع پر ڈائریکٹرز کے انتخاب (بلحاظ کیٹگری) میں حصہ لینے کیلئے اپنے ارادے سے متعلق مندرجہ ذیل افراد کی جانب سے کمپنی کے پاس دستاویزات جمع کروائی گئی ہیں:

نمبر شمار	ڈائریکٹرز کے نام	ڈائریکٹر کی قسم
1	محترمہ مصباح	خاتون
2	جناب محمود عالم	غیر جانبدار
3	انجینئر ایم عبدالجبار	غیر جانبدار
4	جناب غلام حیدر	دیگر
5	حاجی خدا بخش راجڑ	دیگر
6	جناب غلام دستگیر	دیگر
7	جناب محمد قاسم	دیگر

مذکوہ بالا افراد کے شخصی خاکے کمپنی کی ویب سائٹ www.sangharsugarmills.com پر شائع کردی گئی ہیں۔ غیر جانبدار ڈائریکٹرز کو ان کے تجربے، صلاحیتوں، تنوع، مہارتوں اور علم کی بنیاد پر کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 اور اس کے تحت جاری کئے جانے والے قواعد کے تحت منتخب کیے گئے ہیں۔

جیسا کہ خود کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کے تحت کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے ہر کیٹگری میں متعین کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زائد نہیں ہے، اس لئے کمپنی کے آئندہ غیر معمولی اجلاس عام میں مذکورہ بالا افراد کو 4 نومبر 2023 سے شروع ہونے والی تین سال کی مدت کیلئے منتخب سمجھا جائے گا۔

برائے ومنجانب کمپنی

محمد مبین عالم
کمپنی سیکرٹری

کراچی: 25 اکتوبر 2023

ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا طریقہ کار برائے خصوصی امور

ایس آر او 2022/(1)2192 مؤرخہ 5 دسمبر 2022 او کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ)، دی کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 (ریگولیشنز) اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تحت کمپنی کی ذمہ داری ہے کہ کمپنی اپنے تمام ممبران کو بذریعہ الیکٹرانگ اور پوسٹل بیلٹ حق رائے فراہم کی جائے گی۔

تمام اقسام کے امور بشمول امور خصوصی سے متعلق حق رائے دہی استعمال کرنے کیلئے کمپنی کی جانب سے تمام ممبران کو ای ووٹ اور پوسٹل ووٹ کی سہولت فراہم کر دی جائے گی، اگر خود کو انتخابات کیلئے پیش کئے جانے والے افراد کی تعداد اس تعداد سے زیادہ ہوئی جو کہ ایکٹ کے سیکشن 159 کے ذیلی سیکشن (1) کے مطابق متعین شدہ ہے۔

چونکہ ہر زمرے میں خود کو انتخاب کیلئے پیش کرنے والے ڈائریکٹرز کی تعداد متعلقہ زمرے میں منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ نہیں ہے، اس لیے اس نوٹس میں مندرج ڈائریکٹرز کو ووٹنگ کے عمل کے بغیر بلا مقابلہ منتخب کیا جا چکا ہے۔ کمپنی کے ممبران کو اس بات کی اجازت دی جائے گی کہ وہ ای ووٹنگ کی سہولت کو زیر استعمال لاتے ہوئے آئندہ غیر معمولی اجلاس عام میں "خصوصی امور" کے لیے مندرجہ ذیل ضوابط کے مطابق بذریعہ ڈاک/ای میل اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں۔

اراکین کی سہولت کے لیے، بیلٹ پیپر نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ www.sangharsugarmills.com پر بھی ڈاؤن لوڈنگ اور پوسٹل بیلٹ کے لئے دستیاب ہے۔

ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ و دیگر متعلقہ معاملات کے سلسلے میں ملکی اور غیر ملکی حصص داران اور ان قواعد کے مطابق جن کے تحت غیر ملکی حصص داران، بذریعہ ای ووٹنگ حق رائے دہی استعمال کرنے کے قابل بنانے کیلئے اور غیر ملکی ممبران و کاروباری اداروں، کارپوریشنز اور وفاقی حکومت کو معلومات فراہم کی جانی مقصود ہیں اور جہاں قومی شناختی کارڈ کی جگہ دیگر دستاویزات سے شناخت ثابت کی جا سکتی ہو، اُن کا طریقہ کار درج ذیل ہوگا:

ای ووٹنگ کا طریقہ کار

i۔ ای ووٹنگ سے متعلق معلومات بذریعہ ای میل ان حصص داران (مقامی و غیر ملکی)/ کمپنی کے ممبران (خواہ غیر ملکی افراد ہوں یا کاروباری اداروں کے نمائندے ہوں یا غیر ملکی کارپوریشنز ہوں) جیسی بھی صورت ہو، جن کے پاس کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ قومی شناختی کارڈ برائے اوورسیز پاکستانی/ پاسپورٹ نمبر/ غیر ملکی کاروباری ادارے کا رجسٹریشن نمبر، اور جن کے نام رابطہ نمبر (مقامی/ غیر ملکی) اور توثیق شدہ ای میل ایڈریس کمپنی کے رجسٹر برائے ممبران میں آخری کاروباری دن یعنی 25 اکتوبر 2023 تک درج ہو، اُن کو فراہم کر دی جائیں گی۔

ii۔ فراہم کی جانی والی معلومات میں ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، پاس ورڈ، ای ووٹنگ کی تاریخ اور دیگر ضروری معلومات ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جو کہ کمپنی کے رجسٹر میں مندرج ہیں، البتہ یہ معلومات محض انہی معلومات تک محدود نہیں ہوسکتیں۔

iii۔ ای ووٹنگ سروس فراہم کرنے والے کے ویب پورٹل یا الیکٹرانک دستخط سے (مقامی/ غیر ملکی) حصص داران یا مجاز شخص، جیسا کہ معاملہ ہو، کی جانب سے رجسٹرڈ رابطہ نمبر پر ایس ایم ایس کے ذریعے سیکیورٹی کوڈ فراہم کیا جائے گا۔

iv۔ ایجنڈا آئٹم ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیا جائے گا۔

v۔ ای ووٹنگ کی سروس لائنیں بروز پیر مؤرخہ 30 اکتوبر 2023 بوقت صبح 09:00 بجے شروع ہوں گی اور بروز بدھ مؤرخہ 01 نومبر بوقت شام 05:00 بجے بند ہوں گی۔ (لائنیں کم از کم تین ایام کار کے لیے کھلی رہیں گی)۔

vi۔ حق رائے دہی استعمال کرنے والے ممبر کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

vii۔ ایک بار ووٹ ڈالنے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

طریقہ کار برائے بیلٹ پیپر

i۔ ممبران اس بات کو یقینی بنائیں کہ باقاعدہ پر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمعہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ 01 نومبر 2023 دوران دفتری اوقات کار میں یعنی ووٹنگ کے دن سے ایک دن قبل چیئرمین کو موصول ہو جائے۔ دستخط کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر کیے گئے دستخط کے مطابق ہونا لازم ہے۔

ii۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 138 اور 139 کے مطابق بصورت غیر ملکی ممبران یا نمائندگان برائے کاروباری ادارے، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی جگہ شناخت کیلئے پوسٹل بیلٹ کے ساتھ قومی شناختی کارڈ برائے اوورسیز پاکستانی/ پاسپورٹ نمبر/ مقامی یا غیر ملکی کاروباری ادارے کا رجسٹریشن نمبر بمعہ مجاز شخص، بورڈ کی جانب سے پاس کردہ قرارداد کی تصدیق شدہ نقل، پاور آف اٹارنی، مجاز لیٹر وغیرہ منسلک ہونا لازمی ہیں۔ مزید برآں، غیر ملکی کاروباری ادارے کی صورت میں تمام دستاویزات کا پاکستان قونصل جنرل کے اس دفتر سے مصدقہ ہونا بھی ضروری ہو جس کی عملداری کے تحت متعلقہ ممبر آتا ہو۔

توثیق کنندہ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے کمپنی کے قانونی آڈیٹر اور QCR ریٹڈ آڈٹ فرم، میسرز کریسٹن حیدر بھیجی اینڈ کمپنی (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس) کو کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں پیش کیے جانے والے امور خصوصی کے ایجنڈے کیلئے بطور توثیق کنندہ اور اس کے علاوہ ریگولیشنز میں مذکورہ دیگر ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔

ممبران سے درخواست ہے کہ کسی بھی سوال اور معلومات کے لیے کمپنی یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتے پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

رجسٹرڈ شدہ دفتر: آفس نمبر 204، دوسری منزل، کلفٹن سینٹر، بلاک 5، کلفٹن، کراچی،

فون: 021 35371441 سے 43 (3 لائنز) فیکس: 021 35371444۔

ویب سائٹ : www.sangharsugarmills.com ای میل: info@sangharsugarmills.com

شیئر رجسٹرار: حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی۔

فون : 021 32424826، فیکس : 021 32424835 ۔